© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

❑ شانِ رسالت ﷺ میں گستاخی۔ مصنوعات کے بائیکاٹ پر سعودیہ کے خلاف کارروائی ہوگی۔ (یورپین کمیشن)

● الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے!

❑ انٹرپول سے ڈرانے والے، بھٹو خاندان کی تاریخ سے واقف نہیں۔ (بےنظیر)

● یہی کہ بھٹو کو پھانسی ہوئی، دو بیٹے ہلاک کیے گئے، بیوہ اور بیٹیاں جلاوطن۔

❑ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے۔ (شہزادہ بندر بن سلطان)

● جسے کمزور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

❑ اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کو مائی لارڈ کی بجائے جناب والا یا جناب عالی کہا جائے۔ (چیف جسٹس آف پاکستان کو پاکستان لائرز فورم کا مراسلہ)

● سرکاری زبان ''اردو'' کی بے بسی ملاحظہ ہو!

❑ چینی کے نرخوں میں بےچینی۔ قیمت ۴۲ روپے کلو تک پہنچ گئی۔ (ایک خبر)

آٹا مہنگا ہویا تے کی ہویا    لوگو! شور مچاؤن دا حق کوئی نہیں
تے میرے ملک وچ کسے غریب نُوں وی    چینی چاء وچ پاؤن دا حق کوئی نہیں

❑ صدر پرویز کی سربراہی میں ملک درست ٹریک پر جارہا ہے۔ (اسحاق خاکوانی)

● مگر ریلوے کی گاڑیاں غلط ٹریک پر جارہی ہیں۔

❑ بی بی سی نے گستاخانہ خاکے چلادیئے۔ (ایک خبر)

● کیا آزادیٔ اظہار، مسلمانوں کی دل آزاری کا نام ہے؟

❑ شاہ عبداللہ کے استقبال کے لیے اپوزیشن کے کسی رکن کو نہیں بلایا گیا۔ (پروفیسر غفور)

● جمہوریت کا صحیح طریقہ یہی ہے۔

❑ صدر بش کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا زندگی کا بہترین دن ہوگا۔ (طالب علم vii کلاس، جان ایف ڈیئرنگ مڈل سکول، ویسٹ وارڈک۔ ریاست رہوڈ آئی لینڈ۔ امریکہ۔ روزنامہ ''جنگ'' ۵۔فروری ۲۰۰۶ء)

● دینی طلباء کو دہشت گرد کہنے والے ممالک، پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں!

---

© rasailojaraid.com